حضرات کا فرض بنتا ہے کہ لوگوں میں موضوعات (موضوع روایات) کو نہ پھیلنے دیں اور معمولات میں اعتدال پیدا کرنے کی کوشش فرمائیں ......

یہ بات اہل علم سے مخفی نہیں کہ قبرستان جانے والے کتنے آداب، سنن اور فرائض وواجبات تک کو بھول جاتے ہیں اور قبرستان جاتے ہوئے قطعا اس بات کا لحاظ نہیں کرتے کہ قبرستانوں اور اہل قبور کے آداب کیا ہیں.........قبروں کو پھلانگتے ہوئے، اپنے اعزہ کی قبروں تک پہنچنے کی کوشش میں آداب قبور پیش نظر نہیں رہتے......قبروں کے آس پاس موم بتیاں اگر روشنی کی غرض سے لگائی جائیں تا کہ قبرستان میں اندھیرے کے باعث جو مشکلات پیش آسکتی ہیں ان کا ازالہ ہوسکے تو خیر لیکن اگر مردے سے عقیدت ومحبت کے پیش نظر چراغاں کرنا مقصود ہو تو اس سے احتراز لازم ہے کہ قبروں پر آگ کی بجائے پانی ڈالنا سبز شاخیں لگانا معمولاتِ صالحین میں سے ہے......اور قبرستان جاتے آتے ذکر اذکار کرتے جانا اور دعائے مغفرت میں مشغول ہونا تو درست مگر گپ شپ کرتے جانا اور وہاں جا کر بھی عبرت کی بجائے ہنسی مذاق اور شور غل کرنا، نامناسب ہے......تلاوتِ قرآن کریم اور تسبیحات کے گجرے، پھولوں اور کلیوں کے گجروں سے کہیں بہتر اور نفع مند ہیں ان کی کوشش ہونی چاہئے۔اور غیر شرعی افعال سے اجتناب کرنا چاہئے۔

یہودی مذہب مہد سے لحد تک

تصنیف : رضی الدین سید

یہودی مذہب کی باریکیوں پر اردو زبان میں پہلی مستند کتاب

بیت السلام

زہرا چیمبرز نزد عسکری پارک مین یونیورسٹی روڈ گلشن اقبال کراچی

☆ بیع سلم: قیمت پہلے ادا کرنا اور بیع بعد میں مقررہ مدت پر وصول کرنا ☆

رسید تحائف احباب

مجلّہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے تحائف میں پہلا تحفہ...... جناب خورشید احمد سعیدی صاحب لیکچرر شعبہ تقابل ادیان بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کا ہے اور وہ ہے...... ابحاث ضروری مع جواب رسالہ شکوک کفارہ...... تفہیم بائبل اور تردید عیسائیت میں یہ ایک شان دار تاریخی تحقیق ہے، جو تصنیف ہے حافظ ولی اللہ لاہوری رحمۃ اللہ علیہ مدرس شاہی مسجد لاہور کی، اس پر حاشیہ مولوی فقیر محمد جہلمی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے جبکہ اس کی تسہیل جناب خورشید احمد سعیدی صاحب نے کی ہے...... یہ کتاب انیسویں صدی کے ثلث اخیر میں منظر عام پر آئی تقدیم کتاب میں لکھا ہے کہ یہ پہلی بار سن ۱۸۷۱ یا ۱۸۷۲ عیسوی میں طبع ہوئی تھی...... مصنف کتاب حافظ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ لاہور کے ایک متبحر عالم دین تھے ۱۸۷۹ء میں آپ کا وصال ہوا، آپ نے متعدد کتب لکھیں، زیر نظر کتاب رد عیسائیت پر ایک اتھارٹی ہے...... کتاب کے تحشیہ و تسہیل کے بعد اب دارالاسلام لاہور نے اسے شائع کیا ہے ۹۶ صفحات پر مشتمل کارڈ بائنڈنگ اور خوبصورت ٹائیٹل والی یہ کتاب درج ذیل پتہ سے حاصل کی جاسکتی ہے: دکان نمبر ۵۔ بیسمنٹ جیلانی سینٹر۔ احاطہ شاہدریاں۔ اردو بازار لاہور۔

دوسرا تحفہ ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کی شائع کردہ کتاب...... شمول الاسلام لاصول الرسول الکرام...... کا ہے جو ہمیں جناب پروفیسر محمد آصف صاحب علیمی نے بھجوایا ہے۔ جناب آصف صاحب اس سے قبل بھی متعدد کتب شائع کروا کر بغرض ثواب تقسیم کر چکے ہیں...... شمول الاسلام لاصول الرسول الکرام...... شاہ احمد رضا خان محدث بریلی کے تحریر کردہ سینکڑوں علمی رسائل میں سے ایک ہے جس کا موضوع ایمان ابوین رسول کریم ﷺ ہے...... اسے ادارہ دارالمبرور نے شائع کیا ہے۔ ۹۲ صفحات پر مشتمل یہ رسالہ حاصل کرنے کے لئے ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

نعت کے حوالہ سے متعدد رسائل اور کتب کا ہدیہ آتا رہتا ہے مگر ہم ان پر کوئی تبصرہ کرنے

☆ بیع تولیہ: وہ بیع جو صرف ثمن اول کے ساتھ ہو ☆